© rasailojaraid.com



# مکتوب بنام فرید احمد پراچہ (ایم این اے)

انٹرنیشنل ختم نبوت موومنٹ کے سیکرٹری جنرل مولانا منظور احمد چنیوٹی نے تحریک تحفظ ختم نبوت کے دو اہم مطالبات اراکین قومی اسمبلی کو منظوری کے لیے ارسال فرمائے۔ مولانا نے یہ مطالبات سب سے پہلے مجلس احرار اسلام کے زیر اہتمام چناب نگر میں منعقدہ سالانہ ''تحفظ ختم نبوت کانفرنس'' میں پیش کئے اور مجلس احرار اسلام کی مکمل تائید حاصل کی۔

جماعتِ اسلامی کے رہنما اور متحدہ مجلس عمل کے رکن قومی اسمبلی جناب فرید احمد پراچہ نے یہ دونوں قرار دادیں قومی اسمبلی میں بحث کے لیے پیش کر دی ہیں۔ مجلس احرار اسلام کے مرکزی ناظم نشر و اشاعت جناب عبداللطیف خالد چیمہ نے جناب فرید احمد پراچہ کو اس خدمت پر شکریے کا جو خط ارسال کیا، ذیل میں وہ قارئین کی خدمت میں پیش کیا جا رہا ہے۔ (ادارہ)

محترم المقام جناب فرید احمد پراچہ صاحب (رکن قومی اسمبلی، متحدہ مجلس عمل)

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! قومی شناختی کارڈز میں قادیانیوں کی غیر مسلم حیثیت کے اندراج اور ان کے شناختی کارڈز کے مختلف رنگ اور مسلم و غیر مسلم اوقاف کی طرح قادیانی اوقاف کو بھی سرکاری تحویل میں لینے کے حوالے سے قومی اسمبلی سیکرٹریٹ میں بحث کے لیے جو دو قرار دادیں آپ نے ۱۱ دیگر اراکین قومی اسمبلی کی تائید کے ساتھ جمع کرائی ہیں، یہ مسلمانوں کے عقیدہ و فکر کی آئینہ دار ہیں اور تحریک ختم نبوت کے باقی ماندہ مطالبات کا حصہ ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس قانونی جنگ میں آپ کا حامی و ناصر ہو اور کامیابی سے نوازیں۔ آمین

مجلس احرار اسلام اپنے قیام سے اب تک عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ اور فتنہ ارتداد مرزائیہ کی تباہ کاریوں سے امت کو بچانے میں مصروف ہے۔ اس مرحلہ پر میں جماعت کی جانب سے آپ کو ان قرار دادوں کی آئینی و عملی جدوجہد کے لیے مکمل تعاون اور ہر ممکن کوشش کا یقین دلاتا ہوں۔

والسلام

عبداللطیف خالد چیمہ

ناظم نشر و اشاعت: مجلس احرار اسلام پاکستان

دفتر جامع مسجد چیچہ وطنی (فون: 0445-482253)

© rasailojaraid.com